© rasailojaraid.com



ماہنامہ نقیب ختم نبوت ملتان ۔ خصوصی نمبر

بیاد :- جانشین امیر شریعت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاریؒ ۔ مرتب : جناب سید محمد کفیل بخاری

صفحات :- ۳۰۴ ۔ قیمت : ۵۰ روپے ۔ ملنے کا پتہ :- دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاریؒ کے فرزند اکبر مولانا، سید ابوذر ابو معاویہ، حافظ عطاء المنعم بخاریؒ جنکا سانحہ ارتحال ۲۳ اکتوبر ۱۹۹۵ء کو ملتان میں پیش آیا تھا۔ ماہنامہ نقیب ختم نبوت ملتان کا یہ خصوصی شمارہ آپ کی ادبی، علمی، تحقیقی، تاریخی خدمات اور سیاسی کارہائے نمایاں کو اجاگر کرنے کیلئے وقف کیا گیا ہے۔ حافظ جی مرحوم نہ صرف صوری لحاظ سے حضرت امیر شریعتؒ کے عکس جمیل تھے بلکہ معنوی اعتبار سے بھی ان کی مکمل تصویر وہ نہ صرف ایک خطیب بے بدل تھے بلکہ ایک محقق نقاد اور بہترین نغزگو قادر الکلام شاعر تھے تاریخ اسلام پر آپ کی گہری نظر تھی۔ عشق رسولؐ حب صحابہ آپکے جسم کی رگ و پے میں سرایت کر گیا تھا۔ ایک وقت تھا کہ پاکستان بالخصوص ملتان میں حضرت امیر معاویہؓ کا نام لینا جوئے شیر لانے کے مترادف تھا۔ یہ اعزاز حضرت حافظ جی کو حاصل ہے کہ انہوں نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ایام منانے اور ان کی یاد میں جلسوں اور محافل کا اہتمام کیا۔ فقر و استغناء اور غیرت و حمیت میں آپ اپنے عظیم والد کے صحیح جانشین تھے۔ آپ نے بھرپور مطالعاتی تحقیقی اور دعوتی زندگی گزاری۔ مجلس احرار اسلام کا پلیٹ فارم آپ کی سیاسی سرگرمیوں کی جولان گاہ رہا۔ دفاع صحابہؓ اور تحفظ ختم نبوت کیلئے آپ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ زیر تبصرہ خصوصی اشاعت میں آپکی شخصیت اور خدوخال کی صحیح تصویر کشی کی گئی ہے اور جا بجا آپ کے پر مغز تحریرات اور وجد آفریں نظموں نے خصوصی نمبر کی قدر و قیمت میں معتدبہا اضافہ کیا ہے۔ مضامین کی دلکشی نے کاغذ کی کوالٹی کا احساس تقریباً دور کر دیا ہے۔ نقیب ختم نبوت کا یہ خصوصی شمارہ ایک تاریخی دستاویز اور ادبی شہپارہ ہے نہ صرف سیر و سوانح سے دلچسپی رکھنے والوں بلکہ شعر و ادب اور ملک کی سیاسی تاریخ کا مطالعہ کرنے والوں کیلئے یہ یکساں مفید اور ہر لائبریری کی زینت بنانے کے قابل ہے۔

—— ——— (م۔ا۔ف)

© rasailojaraid.com